ڈاکٹر معین الدین عقیل :

تعلیقات مصباح الہدایت (مشمولہ "تحقیق" ، شمارہ ہفتم) پر چند اضافے

تعلیق نمبر (۵) کے ذیل میں ظہیر الدین بلگرامی کی تصانیف کے ضمن میں "فہرست کتب موجودہ مطبع نولکشور واقع لکھنؤ و کانپور" (مطبوعہ ۱۸۷۴ء)) سے یہ مزید اطلاع ملتی ہے:

"اسرار کربلا" منشی محمد ظہیر الدین خان بہادر بلگرامی نے اس کتاب میں حالات معرکہ کربلائے معلی بروایت احادیث معتبرہ درج کیے ہیں۔ ص ۳۸۔

"اسرار محبت" کتاب پاکیزہ خیالات من تصنیفات دبیرالانشا مولوی محمد ظہیرالدین صاحب بہادر سے ہے۔ ص ۴۳ ، ۴۴

"اسرار غفلت" تصنیف فاضل اجل دبیرالانشا جناب منشی محمد ظہیرالدین خان بہادر بلگرامی حسب فرمائش جناب نواب میر غلام بابا خان صاحب رئیس سورت و بتحریک مشفقی منشی میاں داد خاں سیاح رفیق جناب ممدوح الیشان۔ ص ۴۵۔

مذکورہ بالا "فہرست کتب ..." میں ظہیر بلگرامی کی ان مزید تصانیف کا ذکر ملتا ہے:

"مرافعہ قضا و قدر" از منشی محمد ظہیر الدین بلگرامی حال رئیس لکھنو و مدرس اول کنینگ کالج نے مناظرہ روح و نفس نہایت خوب بیان کیا ہے ، ص ۳۱ -

"مرثیہ ظہیر" ص ۴۵

"مرثیہ ظہیر فارسی" مصائب اہلبیت میں منشی محمد ظہیر الدین صاحب نے تصنیف فرمایا ہے - ص ۴۷ -

"فہرست کتب ردیف وار نولکشور پریس لکھنو" (مائیکرو فلم ، مخزونہ برٹش لائبریری ، لندن) میں کالم "زبان و فن کتاب" کے تحت "اسرار غفلت" (فارسی) ، "اسرار محبت" (فارسی ، تصوف مذہب اسلامیہ) ، "اسرار کربلا" (اردو) درج ہے - ص ۱۹ ، ۲۱

(۷) کے تحت گراہم شاکی اہم تصنیف " Printing in Calcutta to 1800 " (مطبوعہ : لندن ، ، ۱۹۸۱ء) حوالہ دیا گیا تھا ، لیکن اسی فاضل محقق نے اس موضوع کو بے حد وسعت دے کر ایک بہت ضخیم اور نہایت وقیع کتابیات

" SOUTH ASIA, A RETROSPECTIVE BIBLIOGRAPHY 1556-1800 " Vol.1